SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
October 19, 2016

ایس ای سی پی مضاربہ کے انضباطی ڈھانچے پر نظرثانی کر رہا ہے

اسلام آباد، ۱۹ اکتوبر: ملک میں اسلامی مالیاتی خدمات کی صنعت کو فروغ دینے کے لئے چیئرمین، سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی)، جناب ظفر حجازی صاحب نے مضاربہ کو خالصتاً اسلامی مالیاتی اداروں کے طور پر فروغ دینے کا عزم کیا ہے۔ اس حوالے سے، مضاربہ کے پورے انضباطی ڈھانچے کا جائزہ لیا گیا اور کمیشن نے بنیادی اصلاحات کے کانسیپٹ پیپر کی منظوری دی تاکہ شریعت کے حقیقی تصور کے مطابق مضاربہ کا نفاذ ہو سکے۔

مجوزہ ترامیم میں من جملہ دیگر اشیا کے غیر فہرستہ مضاربہ کا تصوّر متعارف کرانا شامل ہے تاکہ نئے آنے والوں کی مدد کی جاسکے اور اسلامی مالیاتی خدمات کی صنعت نمو پذیر ہوسکے۔ مضاربہ ریسورس موبی لائزیشن کے مسئلے میں حائل رکاوٹوں کے حل کے لئے ٹرم ایکوٹی سرٹیفکیٹس کے اجرا کے ذریعے فنڈز اکھٹا کرنے کا ایک نیا طرزِ فکر پیش کیا گیا ہے۔ ٹرم ایکوٹی سرٹیفکیٹس کی خصوصیات مضاربہ سرٹیفکیٹس سے ملتی جلتی ہیں اور انہیں مکمل طور پر مضاربہ کے تصورات کے مطابق بنایا گیا ہے۔ مضاربہ کمپنی کی ہولڈنگ اور مضاربہ میں اس سے منسلک فریقوں کے حوالے سے مزید نئ حدود کی تجویز پیش کی گئی ہے تاکہ عوام الناس کی جانب سے ایکوٹی میں شراکت کی حوصلہ افزائی کی جاسکے اور اسے بڑھایا جاسکے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254

یہاں یہ بیان کرنا ضروری ہے کہ ایس ای سی پی نے پہلے ہی دیگر ترامیم کی تجویز پیش کی ہے جیسے مضاربہ کے سرٹیفکیٹ حاملین کو سالانہ عام اجلاس کے انعقاد کے لئے بااختیار بنانا، روزانہ کے امور میں شریعت کی تعمیل کو یقینی بنانے کے لئے شریعہ مشیران کا تقرّر، ''مضارب'' کے لئے کارکردگی کی بنیاد پر معاوضہ تاکہ مضاربہ کمپنی کی کارکردگی میں بہتری لائی جا سکے۔ سٹیک ہولڈرز کے وسیع تر مفاد میں مالیاتی خدمات فراہم کرنے والے مضاربہ کی خطرات کی مناظمت کے لئے متعدد اقدامات جیسے کیپٹل ایڈیکویسی ریشو اور ایکسپوژر کی نئ حدود وغیرہ کی بھی تجویز پیش کی گئی ہے۔ نئ اصلاحات کی بنیاد پر، مضاربہ کے انضباطی ڈھانچے میں ضروری ترامیم کی جا رہی ہیں اور مطلوب قانونی لوازمات کی تکمیل کے بعد مطلع کئے جانے کی توقع کی جاتی ہے۔

یہ توقع کی جاتی ہے کہ مجوزہ ترامیم کے اطلاع نامے کے بعد مضاربہ کو خالصتاً اسلامی مالیاتی اداروں کے طور پر فروغ دینے میں مدد ملے گی اور یہ اس شعبے میں نمو کا باعث ہو گا۔ مزید یہ کہ، مضاربہ کا ایک مضبوط اور قوی شعبہ نہ صرف شریعت کے مطابق مصنوعات میں سرمایہ کاری کے لئے نئ راہیں فراہم کرے گا بلکہ اسلامی ڈیٹ اور ایکوٹی مارکیٹ کی ترقی میں بھی مدد دے گا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254